Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم ملکہم

نمبر ۳۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۷ صفر سنہ ۱۳۴۵ھ مطابق ۶ ستمبر سنہ ۱۹۲۶ع	جلد ۳۸

فہرست مضامین

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم ملکہم واقع ۲۲ اگست سنہ ۱۹۲۶ع

افسران آڈٹ حسابات کی جانچ سماعی کے لئے صیغہ جات میں جاتے ہیں اور اپنا معائنہ سکریٹری صاحبان صیغہ کے پاس بھیجتے ہیں - ضرور ہے کہ ایک نقل اُس معائنہ کی صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر کے ذریعہ سے اجلاس ہمایون میں بھی بھیجی جایا کرے -

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو - آڈٹ کو

تعمیل کے لئے اطلاع دین -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

روبکار ہذا کی ایک نقل بغرض تعمیل خدمت مین افسر صاحبان آڈٹ کے مرسل ہو - اصل شامل فائل ہو اور درج گزٹ ہو - ۲۴ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۳ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ عرضداشت صاحب سپرنڈنٹ پرنسز ہاوس ہولڈ

باستدعائے رخصت یک ماہ بوجہ علالت از ۳ ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

ایک ماہ کی رخصت سپرنڈنٹ پرنسز ہاوس ہولڈ کی منظور ہی - زمانہ رخصت مین منشی محمد شیر زمان خان پرنسز کوٹھی پر قیام رکھین گے - اور انکی خدمات انجام دینگے - صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر انتظامات کردین -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

صاحب سپرنڈنٹ پرنسز ہاوس ہولڈ کی رخصت ایک ماہ بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سے منظور ہوگئی ہی - صاحب سپرنڈنٹ نے ۳ ستمبر سے رخصت پر جانے کا لکھا ہے - ایام رخصت مین حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم منشی محمد شیر زمان خان صاحب پرنسز کوٹھی پر قیام رکھینگے اور صاحب سپرنڈنٹ پرنسز ہوس ہولڈ کے خدمات انجام دینگے - اور عدالت ڈسٹرکٹ وسشن ججی کے کام کے متعلق حسب منشاء روبکار اجلاس ہذا مرقومہ ۱۶ اگست سنہ ۱۹۲۶ء کارروائی کیجائے - احکام ضابطہ جاری ہون - ۲۶ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۲۴ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ

منظوری رخصت آٹھ یوم لیڈی ڈاکٹر بغرض جانے بمقام ترڈون بانچارجی اسسٹنٹ لیڈی ڈاکٹر حسب سفارش چیف میڈیکل افسر صاحب

بموجب رپورٹ آٹھ روز کی رخصت منظور ہی - کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب منشاء حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون ۲۶ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۶ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت مزید یکہفتہ صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج بوجہ علالت

ایک ہفتہ کی رخصت مندرجہ رپورٹ منظور ہی - کاغذات واپس ہون

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم منظوری رخصت مزید ایک ہفتہ کے احکام جاری ہون - صاحب ایڈیشنل وسشن جج بدستور عدالت ڈسٹرکٹ وسشن ججی کا کام تا واپسی صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج انجام دیتے رہین گے - ۲۹ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

قائم مقامی

۹ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ ماموری منشی محمد زمان خان نائب تحصیلدار حضور تحصیل برائے یک ماہ بعہدہ ججی عدالت خفیفہ بابت رخصت یک ماہہ صاحب سپرنڈنٹ پرنسز ہوس ہولڈ جو ۳ ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء سے رخصت پر جائینگے - وماموری منشی محمد شیر زمان خانصاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج بجائے خود ماموری منشی محمد ارشاد حسین خان صاحب ایڈیشنل جج بجائے منشی محمد شیر زمان خانصاحب ایڈیشنل جج -

حسب صراحت رپورٹ محمد زمان خان کو ایک ماہ کے لئے عدالت خفیفہ میں

بھی خفیفہ کے لیے قائم مقام کیا جانا منظور ہی۔ کاغذات بغرض اجرا ئے احکام داخل دفتر ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم احکام ضابطہ جاری ہون ایک نقل عرضداشت اجلاس ہذا و حکم اجلاس ہذا یون اجلاس میں جناب صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے بھی بھیجی جائے۔ ۲۱ر اگست سنہ ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۲۴ر اگست سنہ ۱۹۲۶ء

بسلسلۂ تشخیص دیہات زیر نیلام موضع پٹی کلان تحصیل سوار معلوم ہوا تھا کہ دو صورتون سے مستاجران موضع پٹی کلان نے پدہانان سے نذرانہ وصول کیا۔

نمبر (۱) پدہان سرکاری مقرر کرنیکی بابت } مالیت ۹
نمبر (۲) پدہان مستاجری مقرر کرنیکی بابت }

چنانچہ ذریعہ روبکار ۲۴ر جولائی سنہ ۱۹۲۶ء ایسے نذرانہ کے وصول کی ممانعت۔ اور وصول شدہ کو مستاجر سے لیکر سیاہہ سرکار کرا دینے کی بابت حکم دیا گیا۔ اور بنقول روبکار دیگر تحصیلات کو بھی برائے تعمیل امتناع وصول نذرانہ از پدہانان۔ کہ کوئی مستاجر ایسے نذرانہ کے وصول کرنیکا مجاز نہین ہے۔ جاری کی گئین تحصیلدار صاحب ٹانڈہ نے اس روبکار کے پہنچنے پر ذریعہ رپورٹ ۳۰ر جولائی سنہ ۱۹۲۶ء یہ لکھا ہے۔ (بہنگام تقرر پدہانی ورثا یا جدید حسب رواج مستاجر کی رضامندی کا ہونا لازمی رکھا گیا ہے۔ ایسے ہی مواقع پر مستاجر انکو پدہانان سے نذرانہ وصول کرنیکا موقع ملتا ہے) لہذا اسکے متعلق حسب ذیل تجویز کیجاتی ہے۔ مستاجر اگر پدہان کی ترتیب کے وقت کم سے کم دو ہفتہ اور زیادہ سے زیادہ ایک ماہ کی مدت معین کرکے اطلاع دیدی جایا کرے کہ وہ اس مدت معینہ کے اندر بابت تقرر پدہان رضامندی یا نارضامندی جیسی صورت ہو باظہار وجوہات تحریری داخل کر دیا کرین۔ ورنہ بعد انقضائے مدت پھر رضامندی و عدم رضامندی پر غور نہ کیا جائیگا۔ اگر میعاد ہفتہ کے اندر رضامندی یا نارضامندی داخل ہو تو تحصیلدار صاحب کو لازم ہوگا کہ خود جانچ کرکے جیسا کہ مناسب ہو مع کاغذات مثل ہو رپورٹ اجلاس متعلق میں بھیجدین۔ بحالت ادخال رضامندی و نارضامندی اندر میعاد تحصیلدار انکا فرض ہوگا کہ وجوہ رضامندی و عدم رضامندی پر کافی غور اور کامل جانچ کرکے موافق ضابطہ رپورٹ کرین۔ اس صورت میں مثل جلد طے ہو جایا کریگی۔

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل اسکی جملہ تحصیلات کو برائے تعمیل مرسل ہو۔ اور ایک نقل برائے درج گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۶ر اگست سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل مصدقہ حاکم صاحب متعلقہ دربارہ منظوری رخصت مزید از ۲۱ر اگست لغایۃ آخر اگست سنہ ۱۹۲۶ء منشی حیدر حسن خان نائب تحصیلدار بوجہ علالت۔

حکم

حسب رائے حاکم صاحب صدر رخصت مزید حیدر حسن خان نائب تحصیلدار از ۲۱ر اگست لغایۃ آخر اگست بوجہ علالت منظور ہی۔ احکام جاری ہون۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۲۱ر اگست سنہ ۱۹۲۶ء

مدرسہ گہیر قلندر خان کے کل کاغذات ملاحظہ ہوئے۔ مدرسین کی نسبت کوئی حکم دینے سے قبل یہ نوٹ کرنا ضروری ہی کہ انسپکٹر صاحبان کا کام نہایت خراب ہے اور قابل اعتراض ہی (۱) تین مہینہ تک انسپکٹر صاحبان کو اسکی خبر نہ ہوئی کہ مدرسہ میں کتابین خلاف کورس مقرر پڑھائی جا رہی ہین انسپکٹر صاحبان کی سخت غفلت اور کام سے بے پروائی کی دلیل ہو جاتا ہے۔ ۶ر مئی سنہ ۱۹۲۶ء کو ڈپٹی انسپکٹر نے مدرسہ گہیر قلندر خان کا معائنہ بھی کیا مگر نوٹ معائنہ میں اسکا ذکر نہین ہی کہ پڑھایا کیا جاتا ہی۔ نہ یہ معائنہ برائے ملاحظہ اجلاس ہذا میں بھیجا گیا

(۲) اس معائنہ کی بنا پر مدرسین کا جواب طلب کیا گیا۔ اور مدرسین نے ۲۹ مئی سنہ ۱۹۲۶ء اور ۳۰ مئی سنہ ۱۹۲۶ء کو جواب دیدیا۔ لیکن آجتک اسپر کوئی کارروائی نہین کی گئی۔ ڈہائی ماہ تک کاغذات دبے رہے۔ اور اب اجلاس سے طلب کرنے پر پیش کئے گئے ہین (۳) بوقت تقرر مدرس اول مدرس دوم نے کچھ لڑکون کو بہکا کر مدرسہ سے اٹہا دیا تہا اور انسپکٹر صاحب نے تحقیقات کرکے مدرس دوم کا قصور اور اسکو فہمایش کردینا ظاہر کیا تہا اور اجلاس ہذا سے مدرس مذکور کے تبادلہ کی تجویز ہوئی تہی لیکن انسپکٹر صاحب نے یہ تبادلہ یہ کہکر رکوا دیا تہا کہ زمانہ امتحان قریب ہے بعد امتحان تبادلہ مناسب ہوگا۔ اسکو ڈیڑہ سال سے زیادہ زمانہ گزر گیا لیکن انسپکٹر صاحب نے مدرس مذکور کے تبادلہ کی نہ کوئی رپورٹ کی نہ مدرسین مین جو اختلاف و نزاع ہے اسکے رفع کرنیکی کوشش کی۔ اس قسم کی بے پروائی اور غفلت انسپکٹر صاحبان کی جاری رہی تو کسطرح کام چلنے کی امید نہین ہے۔ اور بارہا انکو تاکید بذریعہ ہدایت کی گئی ہے کہ کام کوشش سے اور وقت پر کیا جائے لیکن کچھ زیادہ اثر تاکید ہی ظاہر نہین ہوا۔ مدرسین مدرسہ گہیر قلندر خان کا کام بہت خراب ہے مدرس اول و مدرس دوم مدرسہ مذکور سخت تدارک کے مستوجب ہین (۱) مدرس اول و مدرس دوم مین نزاع ہے اور اسکی وجہ سے مدرسہ کے کام مین ہر ایک خرابی پیدا کرنے کے درپے رہتے ہین (۲) مدرسین نے کورس مجوزہ حال اور نقشہ تقسیم خواندگی کی پابندی نہین کی ابتک فارسی کی کتابین غلط پڑہائی جارہی ہین اور مقدار خواندگی بہت کم ہے۔ مدرس دوم نے اسکی نسبت عذر لاطائل کئے ہین جو قابل پذیرائی نہین ہین (۳) مدرسہ کے قفل کی کنجی عرصہ سے گم ہوگئی ہے اور مدرس اول نے کوئی رپورٹ نہ کی نہ قفل کا انتظام کیا۔ مدرسہ بلا قفل عرصہ سے غیر محفوظ رہتا ہے (۴) سرکاری دری دو روپیہ چودہ آنے کی گم کردی۔ (۵) لڑکے مدرسہ مین بہت کم ہین اور ہر ایک مدرس اس کمی کا الزام کو دوسرے پر ڈالتا ہے۔ (۶) مدرس قرآن شریف کے پاس بہی لڑکے نہین ہین اور وہ فراہمی سے مجبوری ظاہر کرتا ہے۔ لہذا ہر دو مدرسین اول و دوم مدرسہ گہیر قلندر خان پر بقدر نصف نصف تنخواہ جرمانہ کیا جائے اور قیمت دری بحصہ نصف نصف مدرس اول و دوم کی تنخواہ سے وصول کیجائے اور جدید دری خریدکر مدرسہ کو دیجائے۔ حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری کئے جائین۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۶ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

بالفعل عارضی طور پر مدرسہ سوٹش تحصیل بلاسپور مین اشرف علی ساکن رامپور محلہ تہانہ کنڈہ کا تقرر چہ ماہ کے لئے دس روپیہ تنخواہ پر کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

جرمانہ

۲ ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

بقصور گمنام پیش کرنے غلط درخواست بشکایت محمد شفیع مدرس دہنوری تحصیل سوار مسمی ٹیکارام مدرس چپپر تحصیل سوار پر دو روپیہ جرمانہ کیا گیا لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۵ ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس۔ محلہ گہیر کٹے باز خان مین مکتب امدادی جاری کیا گیا۔ اور منور علی خان ولد رمضان علی خان کا تقرر مدرسی اول پر مشاہرہ دس روپیہ اور حافظ ولایت حسین خان کا تقرر بمشاہرہ [illegible] روپیہ امتحاناً برائے چہ ماہ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چہپکر شایع ہوا

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۲۴ اگست لغایت ۳۰ اگست ۱۹۲۶ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ٹک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۲۴ اگست ۱۹۲۶ء یوم سہ شنبہ	۰	۳۰۱½	۱۳	۴۰۴	۱۰	۳۹۸	۰	۲۵۷	۰۰	۴۳۹	۰	۳۹۰
۲۵ اگست ۱۹۲۶ء " چہار "	۱۶½	۳۱۹	۲۴	۴۳۸	۸	۴۰۰	۸	۲۶۹	۱۴	۴۰۳	۲۰	۴۱۰
۲۶ " " " پنجشنبہ	۰	۳۱۵	۰	۴۲۸	۰	۴۰۶	۴	۲۷۳	۱	۴۵۳	۵	۴۱۵
۲۷ " " " جمعہ	۰	۳۱۶	۰	۴۲۸	۵	۴۱۱	۰	۲۷۳	۱	۴۵۴	۰	۴۱۵
۲۸ " " " شنبہ	۰	۳۱۶	۰	۴۲۸	۰	۴۱۱	۹	۲۸۲	۰	۴۵۴	۰	۴۱۵
۲۹ " " " یکشنبہ	۱۶	۳۳۸	۲۰	۴۴۸	۱۵	۴۲۶	۰	۲۸۲	۰	۴۵۴	۵	۴۲۰
۳۰ " " " دوشنبہ	۵	۳۴۳	۴	۴۵۲	۷	۴۳۳	۸	۲۹۰	۱۲	۴۶۶	۲	۴۲۲

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۳۱ لغایت ستمبر ۱۹۲۶ء ہفتہ اول

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ٹک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ار		۱۰۶ ار	۱۰۶ ار	۱۰۷ ار	۷ ار	
نخود خالص	۱۰۶ ار		۱۰۷ ار	۱۰۶ ار	۱۰۸ ار	۱۰۷ ار	تحصیل شاہ آباد سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود گندم آمیز	۱۰۷ ار		۱۰۷ ار	۱۰۷ ار	۱۰۸ ار	۱۰۷ ار	
گستہ	۱۰۷ ار		۱۰۷ ار	۱۰۷ ار	۰	۱۰۸ ار	
ماش	۱۰۴ ار		۰	۱۰۴ ار	۱۰۴ ار	۱۰۴ ار	
مونگ	۳ ار		۰	۰	۳ ار	۱۰۳ ار	
مکا	۱۰۶ ار		۰	۰	۰	۱۰۶ ار	
جئی	۹ ار		۰	۱۰ ار	۰	۱۱ ار	
کوجی	۱۰۹ ار		۰	۷ ار	۱۰۹ ار	۱۰۷ ار	
عدس	۱۰۶ ار		۰	۰	۱۰۶ ار	۱۰۶ ار	
ارہر	۱۰۵ ار		۰	۰	۱۰۶ ار	۱۰۶ ار	
برنج	۱۰۳ ار		۱۰۴ ار	۴ ار	۱۰۴ ار	۱۰۴ ار	
روغن زرد	۱۰ چھٹانک		۱۰ چھٹانک	۱۰ ار	۱۰ چھٹانک	۱۰۱۰ ار	
روغن سیاہ	۱ ار		۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	
روغن کنجد	۵ ار		۰	۱ ار	۱ ار	۱ ار	
سانبھر	۱۲ ار		۱۱۲ ار	۱۱۰ ار	۱۱۲ ار	۱۱۲ ار	
نمک لاہوری	۱۰ ار		۱۰۶ ار	۱۰۶ ار	۰	۸ ار	
قند سیاہ	۱۰۳ ار		۱۰۳ ار	۳ ار	۳ ار	۳ ار	
باجرہ	۳ ار		۰	۰	۰	۱۰۶ ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور یو۔ پی۔